337

2017 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم)

اردو ادب

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

حصہ انشائیہ

حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔(الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 4 + 6

(i) سب کچھ تمہارے واسطے پیدا کیا گیا — سب غایتوں کی غایتِ اولیٰ تمہیں تو ہو

(ii) جب آدمی کے حال پر آتی ہے مفلسی — کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

(iii) کیا غازیانِ فوجِ خدا نام کر گئے — امت کی مغفرت کا سرانجام کر گئے

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔

(i) ارض و سما کہاں تیری وسعت کو پا سکے — میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تُو سما سکے

(ii) ہو عمرِ خضر بھی تو ہو معلوم وقتِ مرگ — ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 2 + 1 + 1 + 6

غرض ماما عظمت اپنے کونکوں کے پیچھے یہاں سے نکالی گئی۔ گھر پہنچی، تو بپتی بلا کی طرح لپٹی۔ " میں نہ کہتی تھی اماں ایسی لوٹ تو نہ مچاؤ۔ سو دن چور کے تو ایک دن شاہ کا۔ ایسا نہ ہو کسی دن پکڑی جاؤ۔ تم کسی کی مانتی تھیں۔ خوب ہوا۔ جیسا کیا ویسا پایا اب سسرال میں میرا نام تو بدمت کرو۔ جہاں تمہارا خدا لے جائے چلی جاؤ۔ میرے گھر میں تمہارا کام نہیں۔ زیور کو میں نے صبر کیا تقدیر میں ہوگا تو پھر مل رہے گا۔" اس طور پر خدا خدا کر کے اصغری نے اپنے دشمن کو نکال پایا اور گھر کو عذاب سے نجات دی۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 10

(i) ماما عظمت (ii) بدنصیب ماں

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے۔ 5

(i) رحمتِ دو جہاںؐ (ii) مُفلسی

6۔ درج ذیل کی تعریف کیجیے۔ 20

(i) تشبیہ (ii) قافیہ (iii) صنعت تضاد (iv) تلمیح

الیہ کو بڑے چچا سے عقیدت کیوں تھی؟ 5

PAPER CODE
NUMBER: 1371

2017 (A)

رول نمبر 738

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم)

اردو ادب

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

حصہ معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) '' باغ و بہار '' تصنیف ہے۔ (A) میرامّن کی (B) رجب علی بیگ سرور کی (C) مولانا نذیر احمد کی (D) خدیجہ مستور کی

(2) امتحان کے بعد سب لوگ علیہ کو نصیحت کرتے تھے۔ (A) مزید پڑھنے کی (B) اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کی (C) گھر بیٹھے رہنے کی (D) سیر و سیاحت کی

(3) کامتاناتھ روزانہ پیتے تھے۔ (A) شربت (B) شراب (C) گنگا جل (D) دوا

(4) سجاد حیدر یلدرم پیدا ہوئے۔ (A) دہلی میں (B) لکھنؤ میں (C) علی گڑھ میں (D) بنارس میں

(5) لڑکے نے کچھ ____ کیا۔ (بحوالہ سبق بندر والا) (A) اصرار (B) تامل (C) انکار (D) اقرار

(6) مرزا ادیب کا اصلی نام تھا۔ (A) دلاور علی (B) فتح علی (C) کرم علی (D) شیر علی

(7) صاحب روز انتظار کرتے تھے۔ (A) مہمان کا (B) قرض خواہ کا (C) مداح کا (D) کلرک کا

(8) مادے کی قسمیں ہیں۔ (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

(9) سبق '' گھر سے گھر تک '' کے مصنف ہیں۔ (A) خدیجہ مستور (B) پریم چند (C) سجاد حیدر یلدرم (D) احمد ندیم قاسمی

(10) مخمس نظم میں مصرعوں کی تعداد ہوتی ہے۔ (A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) تین

(11) ع دو ہی چیزیں ہیں بس محافظ ____ کی۔ (A) دل (B) دماغ (C) آنکھ (D) جسم

(12) مومن خان مومن پیدا ہوئے۔ (A) لکھنؤ میں (B) بنارس میں (C) دہلی میں (D) لاہور میں

(13) اگر شاعر آخری شعر میں اپنا تخلص استعمال نہ کرے تو اس شعر کو کہتے ہیں۔ (A) مقطع (B) آخری شعر (C) قافیہ (D) ردیف

(14) اردو شاعری کا باوا آدم کہا جاتا ہے۔ (A) ولی دکنی (B) میر درد (C) میر تقی میر (D) غالب

(15) نظم '' اسلامی مساوات '' کے شاعر ہیں۔ (A) محسن کاکوروی (B) مولانا ظفر علی خان (C) مولانا حالی (D) میر حسن

339

BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN

OBJECTIVE KEY FOR ~~SSC 10th~~ & 9th Examination, 2017.

Name of Subject اردو ادب Session

Q. Nos.	Paper Code	Paper Code	Paper Code	Paper Code
	1371			
1.	A			
2.	B			
3.	C			
4.	D			
5.	B			
6.	A			
7.	C			
8.	C			
9.	D			
10.	B			
11.	A			
12.	C			
13.	B			
14.	A			
15.	C			
16.				
17.				
18.				
19.				
20.				